المنبر

لائل پور

عبدالرحیم اشرف

شمارہ ۲۶-۲۷ * ۲۷، ستمبر ۴، اکتوبر ۱۹۶۸ء مطابق ۳ سے رجب ۱۳۸۸ھ * جلد ۱۳

ایثار کی اعلیٰ مثال

کافروں نے یہ کیا جنگِ اُحد میں مشہور
کہ پیمبر بھی ہوئے کشتۂ شمشیرِ دو دم

جب کہ مشہور مدینے میں جو پہنچی یہ خبر
ہر گلی کوچہ تھا ماتم کدۂ حسرت و غم

ہو کے بیتاب گھروں سے نکل آئے باہر
کودک و پیر و جوان و خدم و خیل و حشم

اک خاتون کہ انصار نکو نام سے تھیں
سخت مضطر تھیں نہ تھے ہوش و حواس انکے بہم

موقعۂ جنگ پہ پہنچیں تو یہ لوگوں نے کہا
"کیا کہیں تجھ سے کہ کہتے ہوئے شرماتے ہیں ہم"

تیرے بھائی نے لڑائی میں شہادت پائی
تیرے والد بھی ہوئے کشتۂ شمشیرِ ستم

سب سے بڑھ کر یہ کہ شوہر بھی ہوا تیرا شہید
گھر کا گھر صاف ہوا ٹوٹ پڑا کوہِ الم

اُس عفیفہ نے یہ سب سن کے کہا تو یہ کہا
"یہ تو بتلاؤ کہ کیسے ہیں شہنشاہِ اُمم"

سب نے دی اُس کو بشارت کہ سلامت ہیں حضورؐ
گرچہ زخمی ہیں سر و سینہ و پہلو و شکم

بڑھ کے اُس نے رخِ اقدس کو جو دیکھا تو کہا
تو سلامت ہے تو پھر ہیچ ہیں سب رنج و الم

میں بھی اور باپ بھی شوہر بھی برادر بھی فدا
اے شہِ دیں ترے ہوتے ہوئے کیا چیز ہیں ہم

شمس العلماء علامہ شبلی نعمانی مرحوم

مسلم معاشرہ کو نئی تہذیب کا چیلنج

عبدالوہاب عزام (مصر)
ترجمہ: مولانا سید ابوبکر غزنوی

نئی تہذیب کے ہیولے وسطے آج سے تین سو برس قبل سائنس، فلسفہ اور اپنے صنعتی نظام کے ساتھ ظاہر ہوئے تھے پھر اس تہذیب کے خدوخال برابر ابھرتے رہے اور اس کی راہیں نمایاں ہوتی گئیں۔ حتیٰ کہ ان آخری سو برس میں یہ تہذیب پورے جوبن پر آ گئی۔

اس تہذیب کو دنیا میں بعض لوگوں نے تو خود اپنایا اور بعض پر جبراً ٹھونس دی گئی۔ اہلِ مشرق اور اہلِ مغرب کو مختلف جنگوں پر مسلط ہوا بعض اسلامی ممالک نے بطیبِ خاطر اس تمدن کی باگ ڈور سنبھالنے والوں کا تسلط اپنے ملکوں پر دیکھا تو ان کے دلوں پر ان کی ہیبت چھا گئی اور ان کے نظریات و افکار کا ایک سیلاب تھا جو مسلمانوں کی طرف امڈ آیا۔ یہ سیلاب مسلسل کئی ادوار میں رونما ہے۔ ان ادوار کی تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں۔

مسلمانوں کو اس نئی تہذیب میں ایک قوت، ایک علم اور ایک صنعتی نظام نظر آیا۔ انہوں نے دیکھا کہ اس تمدن میں ایک نظم و نسق ہے اس کے ساتھ یہ تہذیب زندگی کا سامان بھی مہیا کرنے والی تھی اور بہت سی دنیوی لذتوں کے لئے بھی راہیں کھول رہی تھی۔ مسلمانوں کو ایک ایسا نظریۂ حیات کی دعوت کرنے والی وہ قومیں تھیں جن کے ساتھ مسلمانوں کی بڑی کئی صدیوں سے دشمنی چلی آتی تھی انہوں نے دیکھا کہ اس نظریۂ حیات کے حامی اسلامی علاقوں میں گھس گئے ہیں اپنے مسلک کا پرچار کر رہے ہیں اور اسے دل آویز بنانے کے لئے مختلف ذرائع اختیار کرتے ہیں۔

مسلمانوں کے تین گروہ

مسلمان منتشر ہوگئے کہ وہ اس تمدن کا سامنا کیسے کریں

اکثریت ایک الجھن میں پڑ گئی اور آخر وہ اختلافِ رائے کی بنا پر تین گروہوں میں بٹ گئی۔

(الف) ایک فریق کے سامنے ان اصحابِ تمدن کی عداوت، ان کا تسلط، ان کی قہرمانیت اور ان کا ظلم و عدوان تھا جو حقیقتاً انکار دینے والے تھے یا تو حقیقتاً یا محض ان کی نظر میں اسلام کے دشمن تھے۔ اس فریق نے دیکھا کہ مسلمانوں کا دین، ایمان، اخلاق، ان کی تہذیب آزمائش میں پڑ گئی ہے پس یہ فریق یورپ کی تہذیب سے یکسر متنفر ہو گیا اور اس سے اجتناب کیا اور لوگوں کو بھی اس سے بچنے کی تلقین کی۔

(ب) ایک دوسرے فریق کی نظر اس قوت، علم، صنعت و حرفت، اس سیاسی و اجتماعی نظام، اقتصادی خوشحالی اور ان اسبابِ عیش پرستی پر جو یورپ اسلامی ممالک میں لایا تھا۔ اس فریق نے گمان کیا کہ یورپ نے انہیں بہت سی قیود سے آزاد کر دیا ہے وہ مغرب کے پورے تمدن کو سراہا اور اس پر فریفتہ ہو گئے ان کی انفرادیت کا نتیجہ یہ تہذیب جو انہیں ملی تھی ان کی نظر میں حقیر ہو گئی وہ یورپ کی تہذیب میں فنا ہو گئے جو کچھ یورپ کا تھا وہ ان کی نظر میں اچھا ہے اور ہر وہ بات جس کی یورپ نے مخالفت کی بری ہے۔ ان کے خیال میں تو ہمارے ہاں کوئی اچھی اور عمدہ بات تھی ہی نہیں جس کی ہم حفاظت کریں ہاں اگر یورپ ہماری کسی بات کی ستائش کرے تو تقلیداً یہ بھی اسے سراہنے لگتے ہیں مثلاً عربی گلکاری یورپ والوں کو پسند آگئی اور انہوں نے اپنے گھروں کی زیبائش کی اور اس کا نام (اربسک) عرب کی گلکاری رکھا تو مشرقی ذوق (عرب بھی انہیں میں سے ہیں) بھی اس کی تعریف کرنے لگے اور اگر اس گلکاری کو عربی نام رہتا اور اہلِ مغرب کی نگاہوں سے پسند نہ ہوتی تو اہلِ مشرق کو کبھی یہ نہ بھا سکتی اور نہ اہلِ ذوق کے لئے اس سے وہ اپنے گھروں کی آرائش کرتے۔

یورپ کی بڑھتی ہوئی طاقت نے ان کے سروں کو اپنے سامنے اور بھی جھکا دیا۔ کمزور ہمیشہ طاقتور کی تقلید کرتا ہے اور انسانی معاشرہ کی یہ عادت چلی آتی ہے کہ محکوم قومیں حاکم قوم کی پیروی کرتی ہیں۔

مغربی تہذیب کے دو حصے ہیں

(ج) مسلمانوں کے ایک تیسرے گروہ نے سوچ بچار کیا تو انہوں نے مغربی تہذیب کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا (۱) صنعتی تہذیب (۲) اخلاقی تہذیب۔ صنعتی تہذیب تو ان طبیعی قوانین پر مبنی ہے جو مشرق و مغرب میں اور مسلم و غیر مسلم کے ہاں یکساں ہے، مثلاً ڈاکٹری، انجینئری اور مشین سازی۔ ان علوم کا اکتساب یورپ سے کرنا چاہئے بلکہ مسلمانوں سے یہ مطالبہ ہے کہ وہ پوری جانفشانی کے ساتھ یہ علوم یورپ سے حاصل کریں جتنی کی ضرورت ہے کہ اس اعتبار سے مغرب ہم سے بازی لے گیا ہے۔ اور اس نے پہلا استقبال کر ڈالنے سرانجام دیتے ہیں۔ وہ ان علوم کے استاد ہیں اس لئے ان سے ان علوم کے سیکھنے میں کوئی عار نہیں ہونا چاہئے۔

دوسری تہذیب اخلاقی تہذیب ہے اور اگر تم چاہو تو اسے اخلاقی تہذیب بھی کہہ سکتے ہو جو تاریخ، دین اور عادات و روایات سے تشکیل پاتی ہے۔ یورپ کی اخلاقی تہذیب میں کچھ خوبیاں اور کچھ برائیاں ہیں۔ کچھ رشد و ہدایت ہے کچھ گمراہی بھی ہے اس کی اچھائی میں بہت کچھ برائی بھی مل گئی ہے جس نے اس کی بعض خوبیوں کو بھی بگاڑ دیا ہے۔ اس تہذیب کو صنعتی تہذیب پر قیاس نہیں کرنا چاہئے۔ تہذیب کا یہ حصہ ان سے اخذ کرنا مناسب نہیں۔ اس اعتبار سے مسلمانوں کی راہ زیادہ سیدھی اور صاف ہے اور ان کی بات زیادہ پکی اور گہری ہے۔ یہ ہمارے لئے زیبا نہیں ہے کہ اخلاقی اعتبار سے ہم مغرب کی تقلید کریں بلکہ ہمارا فرض تو یہ ہے کہ ہم اپنے اخلاقی تمدن کی میراث کو مضبوطی سے تھامے رہیں اور اس کی قدر و قیمت کو پہچانیں۔ یہ اعتدال پسند فریق اپنے مسلمان بھائیوں سے کہتا ہے۔

دیکھو! اس تمدن کی ظاہری آب و تاب سے مرعوب مت ہو جاؤ اس کی جھوٹی اور بھدی تمدن بلکہ فریب میں مت آؤ اس کی بہیمی لذتوں کے مزاج سے بچو، دیکھو! اس کا جبروت کہیں تمہاری آنکھوں کو چندھیا نہ دے اور اس کی بجلی کی کڑک کہیں تمہیں راہ سے نہ بھٹکا دے تم یہ گمان مت کرو کہ جن کے پاس سائنس و ٹیکنیک، دستکاری اور علوم ہے وہ اخلاقی، روحانی اور فکری اعتبار سے بھی ایک اچھا نمونہ بن گیا ہے جسے آپ کو پہچانیں اور ان اخلاقی محاسن اور انسانی فضائل کی قدر پہچانیں جن کے تم وارث ہو۔

اعتدال پسند مفکر کہتے ہیں:

مسلمانوں نے اپنی سیاسی آزادی کے لئے جو مسلسل کوشش کی ہے اس سے زیادہ اہم اور موثر بات یہ ہے کہ وہ اپنی ذہنی آزادی کے لئے جدوجہد کریں اپنی صلاحیتوں کو جانچیں اور وہی کامیابی حاصل کریں۔ اگر مغربی تہذیب کی فکری اور عملی اعتبار سے درمیان ایک آزاد، معروضی، خود مختار اور صاحب الرائے انسان کی طرح صدق سے حق کو پرکھنے کے قابل ہو جائیں۔ اس انسان کی طرح جو مقابل دو امور کے درمیان اپنی عقل اور اپنے قانون سے امتیاز کرتا ہے وہ غیروں کی عقل اور غیروں کے قانون سے امتیاز نہیں کرتا۔

ہم اس سے انکار نہیں کرسکتے کہ نئی تہذیب علمی اور صنعتی اعتبار سے انسانیت کے لئے فائدہ بخش ثابت ہوئی ہے ہمیں اس سے بھی انکار نہیں کہ سیاسی اور اجتماعی اعتبار سے بھی یہ تمدن اپنے ساتھ بہت سی منفعتیں لایا ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ اس سے بھی انکار نہیں کرنا چاہئے کہ روحانی اور اخلاقی اعتبار سے یہ تہذیب پستی ہی پستی اور نقص ہے اور انسان کی علمی ترقی کے ساتھ اخلاقی فضیلت کا ہم رکاب ہونا ضروری نہیں ہے۔

ہمیں افسوس ہے اس تمدن کا علم اور عمل ساتھ ساتھ نہیں چلتے اس کا ایمان اس کے افکار پر حاوی نہیں اور اسی سے ایک مستقل بے چینی اور دائمی اضطراب ہے جو اس آیۂ کریمہ کی تصدیق کرتا ہے۔

قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلَىٰ أَن يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّن فَوْقِكُمْ أَوْ مِن تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيقَ بَعْضَكُم بَأْسَ بَعْضٍ۔ (کہہ دو کہ وہ اس پر قادر ہے کہ تمہارے اوپر کی طرف سے یا تمہارے پیروں کے نیچے سے کوئی عذاب بھیج دے یا تمہاری جماعت کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے تمہیں ایک دوسرے سے بھڑا دے اور تمہیں ایک دوسرے کے ہاتھوں جنگ کا مزہ چکھا دے۔)

نئی تہذیب کی مضرتیں

اس وقت مجھے اس بات سے سروکار نہیں ہے کہ نئی تہذیب کی خوبیاں کیا ہیں اور لوگوں کو اس سے کیا منفعتیں حاصل ہوئیں مجھے تو اس وقت تمہارے ساتھ صرف ان اہم مضرتوں کو ذکر کرنا ہے جن کا اسلامی معاشرے

(باقی صفحہ پر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم
ہفت روزہ
المنبر
لائلپور
رئیس التحریر
عبدالرحیم اشرف
جلد ۱۳
شمارہ ۲۵

آغا شورش کاشمیری اور حکومتِ پاکستان

ایک فرد کی حیثیت سے جو حق بھی مسلّم ہے، ایک شخص خواہ اس سے کیسی ہی کوتاہی سرزد ہوئی ہو، اسے یہ ہے کہ اگر وہ مسلمان بھی نہ ہو تب بھی اس کی جان، مال، عزت و آبرو اور ہر چیز کی حفاظت اور احترام ہر مسلمان شخص اور ہر بااصول حکومت کے فرائض میں شامل ہے، اور اگر یہ شخص مسلمان ہو تو خواہ کتنا ہی گناہگار ہو، اور ہر کسی و ناکسی کو اس سے جزوی اختلاف ہو اور اس کے خلاف بیسیوں سنگین شکایات ہوں، تب بھی بجز قانونی فیصلے کے اس کی جان، مال، عزت و آبرو سب محترم ہیں، اور کسی بھی فرد، جمعیت یا حکومت کو حق نہیں پہنچتا کہ ان پر دست درازی کرے۔

یہ اصول ہر شخص اور اسی طرح پاکستان کے ہر باشندے کے لئے یکساں حیثیت رکھتا ہے ——— اور ہم اسی موضوع سے قبل، ہر حال جو ہم یہ بھی کہتے ہیں کہ اس [illegible] کہ خلاف صرف [illegible] کا احترام بھی جو ہر حال واجب الاحترام ہے اور انہیں [illegible] مخالف رائے کی کوئی حرکت اور کوئی بھی عمل برداشت نہیں کیا جا سکتا۔

اس اصول کے ساتھ ایک تیسرا گوشہ بھی، دو وجوہات سے زیادہ اہم حقیقت بھی ہے [illegible] ضروری ہے اور وہ یہ کہ خاص طور پر حکومتوں اور حکمرانوں سب سے زیادہ افراد [illegible] حکمرانوں نہیں بلکہ سب سے زیادہ اہمیت اس دین حق اور اس نظریہ حیات کی ہے جسے "اسلام" کہا جاتا ہے۔ اس دین حق کی اہمیت کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ اس کی حفاظت و اشاعت میں اللہ ذوالجلال والاکرام کے محبوب ترین اور سچے پیغمبروں کی زندگیاں کام آئیں [illegible] ——— اور ہم سمجھتے ہیں کہ [illegible] جان، مال، عزت اور دوسری اقدار کا جو عظیم نقصان برداشت کیا تو وہ [illegible] اسلام کی سربلندی اور اسلام کو برسر اقتدار دیکھنے کے لیے ایک خطہ [illegible] تاریخ کے [illegible] باب کو اپنے اور اپنی ماؤں بہنوں بیٹیوں اور معصوم بچوں کے خون سے لکھا۔

المختصر افراد، اقوام، حکومتیں، حکمران، علماء ——— اور ملکی سبھی کے حقوق ہیں اور ان حقوق کی پامالی ایک جرم عظیم کی حیثیت رکھتی ہے ——— اور ان سب سے فائق حق اللہ کا اپنا دین اسلام ہے اور اس حق کی حفاظت کی ذمہ داری ان تمام افراد پر فرض عین کی حیثیت سے عائد ہوتی ہے جو اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں خواہ وہ کسی بھی شعبہ حیات سے تعلق رکھتے ہوں، اور دینی اعتبار سے ان کی کوئی بھی حیثیت ہو۔

اس اصولی گفتگو کے بعد ہمیں زیر بحث عنوان پر عرض کرنا ہے کہ ان دنوں آغا شورش کاشمیری کا مسئلہ پورے ملک میں اضطراب کا باعث بنا ہوا ہے اور اخبارات کے صفحات میں [illegible] تحریریں [illegible] حقیقت یہ ہے کہ [illegible] یہ اطلاعات آ رہی ہیں کہ آغا شورش کی صحت [illegible] اسی نسبت سے پریشانی اور اضطراب کی لہریں تیز سے تیز ہوتی جا رہی ہیں۔

آغا شورش صاحب کے مسئلے کے مختلف پہلو ہیں: ان کی گرفتاری، ان کے اخبار کی ضبطی، چٹان کے ڈیکلریشن کی منسوخی، [illegible] جیل میں منتقلی، ان کی پہلی، دوسری اور تیسری بھوک ہڑتال [illegible] عدالت۔

ان میں سے بعض کا فیصلہ عدالت سے ہو چکا۔ ان کی رو سے چٹان کا ڈیکلریشن بحال ہو چکا، آغا صاحب کو ڈیرہ اسماعیل خاں سے کراچی منتقل کیا جا چکا اور ایک دو مقدمات سپریم کورٹ کے سامنے ہیں۔ ان کی سماعت ہو چکی اور فیصلہ صادر ہونے والا ہے۔

جن امور کا فیصلہ عدالت کر چکی اور جو معاملات عدالتوں میں زیر بحث ہیں ان پر کچھ کہنے کی نہ اجازت نہ ضرورت۔

ہمیں جو کچھ عرض کرنا ہے، اس کا تعلق صرف تین امور سے ہے۔

اوّل: حکومت اور عوام کے مابین تعلق پر اس واقعہ کے اثرات۔

دوم: آغا صاحب کی زندگی کی حفاظت۔

سوم: اصل موضوع، یعنی وہ قضیہ جو اس مسئلے کی بنیاد و اساس ہے۔

جہاں تک پہلے عنوان کا تعلق ہے، ہمیں دوسروں کے بارے میں تو کچھ عرض نہیں کرنا ہے، ہمارا اپنا موقف متعین طور پر تو یہ ہے کہ ہماری دلچسپی نہ انتخابات سے ہے، نہ اقتدار کی مخالفت اور اسے چھیننے والے کسی بھی گروہ سے ہمارا کوئی تعلق، نہ ہم حزب اقتدار اور حزب اختلاف کی تنظیم کے قائل ہیں اور نہ ہی مذہب کے نام پر حصول اقتدار کی جدوجہد کو ہم دین اور اہل دین کے لئے مفید خیال کرتے ہیں۔

یہ تو ہوا منفی پہلو۔ مثبت پہلو اس مسئلے کا یہ ہے کہ ہمارا بنیادی تصور یہ ہے کہ صدر مملکت سے ایک فقیر و بے نوا تک سبھی مسلم معاشرہ کے افراد ہیں اور ان کے مابین مسلمان ہونے کی حیثیت سے اخوت کا رشتہ استوار ہونا چاہئے اور کسی بھی اختلاف کے باعث وہ حقوق پامال نہیں ہونے چاہئیں جو اسلام نے مسلمانوں کے لئے متعین کئے ہیں۔ عام افراد کے حقوق بھی محفوظ رہنے چاہئیں اور ارباب اختیار کے حقوق پر بھی کسی کو چھاپہ مارنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

اس کے ساتھ یہ عرض کرنا بھی ضروری ہے کہ دنیا کے دوسرے مسلم ممالک کی طرح پاکستان بھی اپنے سیاسی، بین الملکی اور اندرون و بیرون ملک پیدا شدہ حالات کے باعث اس بات کا سب سے زیادہ ضرورتمند ہے کہ یہاں حکومت اور عوام کے مابین نہ صرف یہ کہ نفرت و عداوت کی خلیج نہ ہو بلکہ ان کے تعلقات اخوت و محبت کی بنیاد پر استوار ہونے چاہئیں۔

لیکن ہمیں دلی صدمہ ہے کہ ایسا ہے نہیں اور خصوصیت کے ساتھ اس وقت صورتحال یہ ہے کہ مختلف اور متعدد عنوانات کے تحت حکومت اور عوام کے مابین بعد کی خلیج وسیع ہوتی چلی جا رہی ہے اور پریشانی کی بات یہ ہے کہ نہ صرف یہ کہ اس خلیج کو پاٹنے کی کوئی جدوجہد نہیں ہو رہی بلکہ مسلسل ایسے اسباب مہیا ہو رہے ہیں جو اس خلیج کو وسیع کرتے چلے جا رہے ہیں۔

جہاں تک آغا شورش کاشمیری کے مسئلہ کا تعلق ہے، یہ مسئلہ بھی اس وقت ان مسائل میں سے ایک ہے جو اس خلیج کی وسعت کا سبب بن رہے ہیں۔

آغا صاحب کی سیاست، ان کے اخبار، ان کے اسلوب اور ان کے عام طرز عمل کے بارے میں مختلف طبقات و افراد کی آراء مختلف ہیں اور صحیح صورت یہ ہے کہ اس وقت ان کے بارے میں کوئی سوچ بھی نہیں رہا، اصل موضوع یہ ہے کہ

آغا صاحب کی گرفتاری، اخبار کی بندش وغیرہ جس مسئلے کی وجہ سے ہوئی وہ یہ ہے کہ

انجمن نے قادیانیوں کے بارے میں ایک شائع شدہ لٹریچر حکومت کی نگاہ میں قابلِ ضبط تھا۔

اب ایک عام شخص، یہ اخبار ہی بھی سمجھتا ہے کہ ان واقعات کا اصل محرک، بعض اصحابِ اختیار اور آغا صاحب کے مابین ذاتی چپقلش کی آمیزش ہے، لیکن جب وہ اس قانونی پہلو پر غور کرتا ہے اور اس کے سامنے "قادیانی مسلم تنازعہ" کی تاریخ کے مختلف ادوار آتے ہیں تو وہ ان افواہوں کو نظر انداز کر کے صرف اس عنوان پر غور و فکر شروع کر دیتا ہے اور جیسا کہ سنہ ۱۹۵۳ء میں قائم شدہ تحقیقاتی عدالت کی رپورٹ کے صفحات شاہد ہیں یہ مسئلہ بہرحال اس اہمیت کا حامل ہے کہ مسلمان اس پر ایک خاص نکتہ نظر سے غور کرتے ہیں اور ان کے جذبات اس باب میں ایک ایسے نہج پر ابھرتے ہیں جس کی تاریخ ختمِ نبوت کے منکرین و محرکات کے مرحلہ اول سے جا ملتی ہے۔

اس حقیقت کو سامنے رکھ کر حکومت اور مسلم معاشرے دونوں سے ہی خیر خواہی کا رشتہ رکھنے والا شخص اگر اس مسئلہ پر غور کرے گا تو وہ اس کے سوا کسی بھی نتیجہ تک نہیں پہنچے گا کہ آغا صاحب کا کیس جس قدر الجھے گا، عوامی جذبات حکومت کے خلاف سخت ہوتے چلے جائیں گے اور ظاہر ہے یہ کسی بھی طرح مفید نہیں ہے۔

دوسرا عنوان ــــــــ آغا صاحب کی زندگی کی حفاظت، تو ہمیں یہ یاد دلانا ہو گا کہ ایک پاکستانی مسلمان کی حیثیت سے بھی اور اس سے زیادہ اس اعتبار سے بھی کہ آغا شورش کاشمیری جنگِ آزادی کے سپاہی رہے ہیں اور اس جنگ میں مصائب برداشت کرنے والا ہر شخص مسلم معاشرہ میں، نظریاتی اختلاف کے باوجود ایک احترام کا مستحق سمجھا جاتا ہے اور سمجھا جانا چاہئے۔

ثانیاً، خود اربابِ اختیار نے پچھلے دنوں آغا صاحب کی اہمیت کو اپنے طرزِ عمل سے اس انداز سے واضح فرمایا کہ بہت سے لوگوں نے اس پر اظہارِ تعجب کیا، حتیٰ کہ ایک صوبے کے حاکم اعلیٰ جنہیں آغا صاحب کے "چٹان" کی عبارتیں پڑھ کر سنائیں اور حوالہ جات ان سے اخذ کئے اور ایک تقریب کی پوری تقریر "چٹان" کے اداریہ کے جواب ہی میں ہو ــــــــ اور چند ماہ کے بعد یہی آغا شورش زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہوں۔ ہر شخص اور سب سے زیادہ وہ اشخاص جو کسی بھی سیاسی مقصد کو سامنے رکھ کر نہیں بلکہ ملک و ملت کی ہی خیر خواہی کے نقطۂ نظر سے امور و معاملات پر غور کرتے ہیں، وہ کہیں گے کہ اربابِ اختیار کو یہ مشورہ دیں کہ اپنے منصبی مقام کے تقاضے پورے کیجئے اور اگر آغا صاحب کے بارے میں کچھ تلخیاں ہیں بھی تو انہیں ختم یا کم کرنے کی تدابیر اختیار کی جائیں نہ کہ ان کے دائرہ کو وسیع سے وسیع تر کرنے کا راستہ اختیار کیا جائے۔

رہا تیسرا عنوان یعنی اصل مسئلہ تو ہم اس وقت اس کی تفصیلات میں جانا مناسب خیال نہیں کرتے۔ صرف اس قدر لکھ دینے پر اکتفا کرتے ہیں کہ قادیانیت کے خلاف اظہارِ رائے پر پابندیاں عائد کی جائیں، بعض اشیاء، افراد اور جماعتوں کا تقدس و وجود ایک ایسا چیلنج ہوتا ہے جس کا جواب ہر اس شخص کو دینا ہوتا ہے جس میں رمق حیات موجود ہے۔ ختم نبوت کا مسئلہ کوئی زمینی مسئلہ نہیں، قادیانیت کی جارحیت، اس کی مسائل تاریخ ایک ایسی حقیقت ہے جس پر انگریز کے زمانہ سے مختلف کورٹ و سنٹرل بلکہ متعدد عدالتوں نے مہرِ تصدیق ثبت کی۔ پاکستان میں اس جماعت کے سیاسی مقاصد بھی عدالت سامنے آ چکے ہیں اور اس جماعت کی سیاسی حیثیت اور سیاسی اغراض ناقابلِ انکار حقیقت ہیں۔ اور جو نکہ یہ مقاصد اور اغراض مذہب ہی نہیں "نبوت" اور "خلافت" کے نام پر بھی اس لئے اس کی اہمیت بہت زیادہ ہے اور خود اربابِ اقتدار کا فائدہ اسی میں ہے کہ اس مسئلہ کے مزید پہلو سامنے آتے رہیں۔

ہمیں احساس ہے کہ بات دوسرے پیچیدہ مسائل پر اظہارِ خیال کی طرح اب بھی طویل ہو گئی تاہم بہت سی ضروری باتیں اس عنوان سے متعلق ایسی ہیں جن کو سامنے لانے کیلئے بجز حرف مقصد، جا سکتا ہے، خلاصۂ گذارش ہے کہ

آغا شورش کاشمیری صاحب کے معاملے میں حکومت کو عدل و مروت سے کام لینا چاہئے اور قادیانی مسئلے میں حقیقت پسندانہ رویہ اختیار کرنا چاہئے اور اس مسئلے کی تاریخ اور عہدِ خلافتِ راشدہ سے اب تک امتِ مسلمہ کے جذبہ ایمان و حمیتِ اسلامی طرزِ عمل کو ملحوظ رکھا جائے۔

وما علینا الا البلاغ ان ترید الا الاصلاح ما استطعنا وما توفیقنا الا باللہ العلی العظیم علیہ توکلنا والیہ انیب وھو ربنا ورب العالمین وصلی اللہ علی حبیبہ خاتم النبیین۔

اللہ نے اپنا وعدہ پورا کر دیا

زمین پر چلنے والا کوئی جاندار ایسا نہیں جس کا رزق اللہ کے ذمہ نہ ہو۔

ــــــــ (محمود فاروقی) ــــــــ

اپنے بندوں سے اللہ کا وعدہ تھا کہ ان کو وسائل حیات عطا فرمائے گا اور ان کے رزق کا انتظام کرے گا۔ چنانچہ اس نے آدم کو اس زمین پر اتارنے سے پہلے ہی قیامت تک اس کی نسل سے پیدا ہونے والے تمام انسانوں کے لئے زندگی کے سروسامان کا ایک ایسا مکمل اور باضابطہ انتظام فرما دیا کہ انسان کو اس کو رزق مل رہا ہے۔ اور پھر اس نے اس کی زندگی کے ہر دور کے تقاضوں کی تکمیل کے لئے ایک عظیم الشان سلسلۂ اسباب کو قائم کر دیا جو لاکھوں سال سے کام کر رہا ہے۔ اور لاکھوں سال تک کام کرتا رہے گا۔ اور انسان کی ضروریات کے بار کو تکمیل کرتا رہے گا۔ قرآن میں جا بجا اللہ تعالیٰ نے اپنے رزق و فضل کا ذکر کیا ہے اور بار بار کیا ہے۔ صرف یاد دہانی کے لئے کہ جو عہد اس نے انسانوں سے کیا ہے۔ وہ اس نے پورا کر دیا۔ اب انسانوں کا فرض ہے کہ وہ اپنے عہد کو پورا کریں اور اللہ کی اطاعت اختیار کریں۔

"زمین میں چلنے والا کوئی جاندار ایسا نہیں ہے جس کا رزق اللہ کے ذمہ نہ ہو۔ اور جس کے متعلق وہ نہ جانتا ہو کہ کہاں وہ رہتا ہے اور کہاں وہ سونپا جاتا ہے۔ سب کچھ ایک صاف دفتر میں درج ہے۔"

(ھود)

"رات کو دن میں پروتا ہوا لے آتا ہے۔ اور دن کو رات میں، جاندار میں سے بے جان کو نکالتا ہے۔ اور بے جان میں سے جاندار کو اور جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔"

(آل عمران)

"وہ اللہ ہی ہے جس نے طرح طرح کے باغ اور گلستان اور نخلستان پیدا کئے، کھیتیاں اگائیں جن سے قسم قسم کے ماکولات حاصل ہوتے ہیں، زیتون اور انار کے درخت پیدا کئے، جن کے پھل صورت میں مشابہ اور مزے میں مختلف ہوتے ہیں، کھاؤ ان کی پیداوار جب کہ یہ پھلیں اور اللہ کا حق ادا کرو، جب ان کی فصل کاٹو اور حد سے نہ گذرو کہ اللہ حد سے گذرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

پھر وہی ہے جس نے مویشیوں میں سے وہ جانور بھی پیدا کئے جن سے وہ بار برداری و سواری کا کام لیتا ہے، اور وہ بھی جو کھانے اور بچھانے کے کام آتے ہیں۔ کھاؤ ان چیزوں میں سے جو اللہ نے تمہیں بخشی ہیں اور شیطان کی پیروی نہ کرو کہ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔"

(الانعام)

ــــــــ

"(تم ہر برسات میں دیکھتے ہو کہ) اللہ نے آسمان سے پانی برسایا اور یکایک مردہ پڑی ہوئی زمین میں اس کی بدولت جان ڈال دی یقیناً اس میں ایک نشانی ہے سننے والوں کیلئے۔

اور تمہارے لئے مویشیوں میں بھی ایک سبق موجود ہے۔ ان کے پیٹ سے گوبر اور خون کے درمیان ہم ایک چیز تمہیں پلاتے ہیں یعنی خالص دودھ جو پینے والوں کے لئے نہایت خوشگوار ہے۔

(اسی طرح) کھجور کے درختوں اور انگور کی بیلوں سے بھی ہم تمہیں ایک چیز پلاتے ہیں۔ جسے تم نشہ آور بھی بنا لیتے ہو اور پاک رزق بھی، یقیناً اس میں ایک نشانی ہے عقل سے کام لینے والوں کے لئے۔

اور دیکھو تمہارے رب نے شہد کی مکھی پر یہ بات وحی کر دی ہے کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں اور ٹٹیوں پر چڑھائی ہوئی بیلوں میں اپنے چھتے بنا اور ہر طرح کے پھلوں کا رس چوس اور اپنے رب کی ہموار کی ہوئی راہوں پر چلتی رہ۔ اس مکھی کے اندر سے رنگ برنگ کا ایک شربت نکلتا ہے جس میں شفا ہے لوگوں کے لئے۔ یقیناً اس میں بھی ایک نشانی ہے ان لوگوں کے لئے جو غور و فکر کرتے ہیں۔

اور وہ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے تمہاری ہم جنس بیویاں بنائیں، اور اسی نے ان بیویوں سے تمہیں بیٹے اور پوتے عطا کئے۔ اور اچھی اچھی چیزیں تمہیں کھانے کو دیں۔ پھر کیا یہ لوگ (یہ سب کچھ دیکھتے اور جانتے ہوئے بھی) باطل کو مانتے ہیں اور اللہ کے احسان کا انکار کرتے ہیں اور اللہ کو چھوڑ کر ان کو پوجتے ہیں جن کے ہاتھ میں نہ آسمانوں سے انہیں رزق دینا ہے، نہ زمین سے اور نہ یہ کام وہ کر ہی

اگر ہمیں مسلمان بننا ہے تو نظامِ تعلیم کو بدلنا ناگزیر ہے!

[illegible]

تعلیم کا اولین مقصد

[illegible]

حصولِ آزادی کے بعد

[illegible]

[illegible]

سرکاری اور تعلیمی زبان

[illegible]

[illegible]

ہزار سالہ مساعی ضائع ہو گئیں

[illegible]

مغربی نظامِ تعلیم کے نتائج

[illegible]

مولانا حکیم محمد عبید اللہ صاحب مدظلہ

ایک عالم دین پر قاتلانہ حملہ ہوا

مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری مرحوم کی واحد شخصیت ہے جو کام کر گیا ہے وہ بڑی بڑی جماعتیں نہیں کرسکیں۔ اس اکیلے مرد مجاہد نے زندگی بھر جو کچھ بھی کیا وہ ... ہے، متعدد بار آریہ سماجی، عیسائی، مرزائی، چکڑالوی حضرات سے مذہبی مناظرے کئے ہیں۔ ایسے مواقع پر جب کوئی مناظرہ ہو جاتا تھا اور قابو میں نہیں آ رہا تھا، تو دیوبندی حنفی بھائی بھی مولانا ثناء اللہ صاحب کی خدمات سے فائدہ اٹھایا کرتے تھے۔ اور کبھی کبھی اپنے دفاع کے لئے حسن سے تعریف بھی کیا کرتے تھے۔ ایسے ہی حالات کے تحت ایک بار جب کہ امرتسر میں بریلوی حضرات امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا عرس منا رہے تھے۔

وہاں اہل حدیث اور دیوبندی حضرات کے خلاف اشتعال دلانے والی تقریریں کی گئیں۔ خصوصاً ایک صاحب نے تو جذباتی قسم کے نوجوانوں کو اس قدر مشتعل کیا کہ آخر حادثہ رونما ہو کے رہا۔

جناب واعظ نے ارشاد فرمایا کہ ——————

وہابی کے سر پر ایک جوتا رسید کرنے والے کو اس درجہ کا اجر ملے گا کہ اللہ تعالیٰ اسے جنت میں اس کے بدلے ایک حور عطا کرے گا۔

"دھم دھڑا" تقریر ہو چکی تو مرافق حضرات اپنا اپنا اٹھ کے گھروں کو رخصت ہو گئے۔

معلوم ہوا کہ ایک نوجوان (جو "قمر بیگ" ہے) نے مولانا ثناء اللہ صاحب پر کلہاڑے سے وار کئے پیشانی اور سر پر بہت گہرے زخم آئے مگر مولانا زندہ بچ گئے ہیں۔ کافی عرصہ تک اسپتال میں زیر علاج رہے۔ پھر جب اپنے گھر میں تشریف لائے تو میں دوڑا ہوا ان سے ملنے امرتسر گیا۔ آپ گھر میں تشریف رکھتے تھے۔ مجھ پر نظر پڑتے ہی ایک شعر پڑھا افسوس کہ وہ شعر مجھے یاد نہیں رہا البتہ اس کا مفہوم یہ تھا کہ آؤ آؤ دیکھو میں زندہ ہوں۔ میں رو کر فرمایا، اب رونے کا کیا مقام ہے، اب تو میں چنگا بھلا ہوں دنیا میں اس پہ جنت کو اپنی ... پر ... کا ... کاش مجھے شہادت کا رتبہ حاصل ہو گیا ہوتا۔ پھر فرمانے لگے۔

اس شریر کے پہلو میں سے خیر کا پہلو بھی نکل آنے کا وہ یہ ہے کہ مجھ کو اس حدیث کا مطلب ابھی سمجھ میں نہیں آتا کہ "شہید کو جان کنی کی تکلیف نہیں ہوتی" میں حیران تھا کہ تلواروں اور چاقوؤں کے زخم کھا کر جو مرے ہیں پھر تکلیف کس طرح نہ ہو؟ الحمد للہ۔ اللہ نے اس چیز کو حق الیقین کی طرح مجھ کو دکھا دیا اگرچہ شہادت کی دولت سے مالا مال نہیں فرمایا۔ حملہ آور نے ذرا ادھر میری طرف کر کے میں نے ہاتھ بڑھا دیا۔ پھر میرے سر کی جلد بھی چھیل لی اور دریافت فرمایا کہ کچھ تکلیف تو نہیں ہوئی؟ میں نے جواب عرض کیا کہ "تکلیف تو نہیں کہا جا سکتا، البتہ صرف اتنا معلوم ہوا کہ آپ نے میری مسند کو ذرا سے پکڑ رکھا تھا۔

فرمانے لگے، خدا کی قسم! مجھے قمر بیگ کے ذرے کی ضرب سے اس قدر بھی تکلیف نہ ہوئی۔

ایک بار مجھے قمر بیگ مذکور کا پیغام کسی قیدی کے ذریعے ملا کہ میں جذباتی تقریروں سے متاثر ہو کر ایک نیک اور باخدا عالم پر حملہ کر بیٹھا جس کی سزا چار سال کی قید کاٹ رہا ہوں تجربہ تو قید کاٹ رہا ہوں۔ مگر میں اللہ کے غضب سے ڈرتا ہوں اگر کوئی صاحب مولانا ثناء اللہ صاحب سے مجھے معافی دلوا دیں تو مجھے طمانیت اور سکون حاصل ہو جائے گا۔ میں نے مولانا ثناء اللہ کے ہاں حاضر ہو کر قمر بیگ کی اس خواہش کا اظہار کر دیا۔ اور خود مولانا کے چہرے کے آثار چڑھاؤ کیفیات دیکھنے لگا مولانا کے چہرے پر ایک خفیف سی مسکراہٹ جس کا مطلب میری سمجھ میں نہیں آیا مگر زبان بالکل خاموش رہی میں آپ کی خاموشی پر بہت دنیا وہ حیران تھا۔ مجھے امید تھی کہ مولانا ضرور معاف فرما دیں گے۔ اتنی جرأت مجھ میں نہیں تھی کہ معذرت کر کے آپ کی اس سکوت توڑوا دوں مگر میں حیران تھا کہ آپ خاموش کیوں رہے۔ کیا وہ معاف کرنا نہیں چاہتے ہوں گے۔

میری اس حیرانی کو گذشتہ دنوں اللہ تعالیٰ نے برادرم مولانا عبد الرشید صدیقی درمقالہ کے ذریعے دور فرما دیا۔ اگرچہ وہ مصر تھے کہ اس واقعہ کو شائع کیا جائے۔ مگر میں نے اس کی اشاعت پر کوئی نقصان کا ادنیٰ سا پہلو بھی نہیں پایا۔ اسی لئے اس واقعہ کے اس پہلو کو بھی پیش کر رہا ہوں۔

واقعہ یہ ہے کہ جب قمر بیگ قید ہو گیا تو حضرت مولانا امرتسری رحمۃ اللہ علیہ کے علم میں کسی طرح سے یہ بات آگئی کہ قمر بیگ کے بعد ان کے گھر میں کوئی کمانے والا نہیں ہے۔ اور ان کی معاشی حالت بالکل خراب ہے تو آپ نے نہایت خاموشی سے ان کی ماہانہ وظیفہ کی شکل میں امداد کرنا شروع کر دی۔ اور زندگی بھر اپنے اس نیک عمل کو چھپائے رکھا۔ مگر قمر بیگ کو جیل ہی میں اس احسان کا علم ہو گیا اور وہ بے حد نادم ہوا۔

صدیقی صاحب کا بیان ہے کہ قمر بیگ "مولانا کی تربت پر اکثر جاتا ہے۔ اور ان کے حق میں دعائیں مانگ کر آتا ہے اب مجھے مولانا کی پراسرار خاموشی کا پتہ چلا کہ اس معافی کو بھی ظاہر کر کے ریا کاری کی جنت نہیں چڑھانا چاہتے تھے۔

(راقم صدا قتیب ۱۳ فروری ۱۹۶۸ء)

یہ ہے ہمارے اسلاف کا خلق حسنہ اور اتباع سنت نبوی کا نمونہ۔

غزوہ احد میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دندان مبارک شہید ہو گئے۔ خود کی کڑیاں رخسار مبارک میں پیوست ہو گئیں شانہ مبارک مجروح ہو گیا تا آنکہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ایک خندق میں جا گرے۔

سفر طائف میں اوباش بے دین لوگوں بازار میں

دشمنوں کی سنگ باری سے تمام بدن مبارک جو جاتے ہیں۔ خون سے جوتیاں بھر جاتی ہیں۔ مگر زبان رسالت گویا ہوتی ہے تب مبارک جنبش میں آتے ہیں تو سنائی دیتا ہے۔ اللّٰھم اھد قومی فانھم لا یعلمون۔ الٰہی میری قوم کو ہدایت فرما وہ مجھے پہچانتی نہیں۔

جس رسول رحمت کا شعار زندگی ہو۔ صل من قطعک واعف عن ظلمک واحسن من اساء الیک جو تم سے قطع تعلق کرے تم اس سے تعلق جوڑو۔ جو تم پر ظلم و زیادتی کرے تم اس کو معاف کر دو۔ اور جو تمہارے ساتھ برائی کرے اس سے بھلائی سے پیش آؤ۔

اس کی امت کا رہبر ثناء اللہ، عشق رسول کا دم بھرنے والا ثناء اللہ اس کے سوا اور کیا کر سکتا ہے۔

شنیدم کہ مردان راہ خدا
دل دشمناں ہم نکردند تنگ
ترا کے میسر شود ایں مقام
کہ با دوستانت خلاف است و جنگ

ہمیشہ سے یہی ہوتا چلا آیا ہے کہ اللہ کے خاص بندے اپنے دشمنوں اور بد خواہوں کے قلوب کو بھی میلا نہیں کرتے۔ پر افسوس صد افسوس ہے کہ ان کی امت کا دم بھرنے والے جب رسول کا کلمہ پڑھنے والے آپس ہی میں مصروف پیکار ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ دست و گریبان ہیں اور اپنی حرکتوں سے باز نہیں آتے —————— اور پکا اسلام لیکن حقیقت یہ ہے کہ آج کل کے نام نہاد مسلمان تعلیمات اسلام سے ایسے ہی بیگانہ ہیں جیسے ایک اصطلاحی غیر مسلم

مرض تبخیر معدہ یا گیسٹرک ٹربل

علامات مرض: مریض کو قبض ہوتا ہے۔ قے یا اراقت تھوڑی آتی ہے۔ پیٹ پھولا ہوا بھاری رہتا ہے جس کی وجہ سے اکثر خراب ڈکار آتے ہیں۔ معدے اور آنتوں سے گندے بخارات دماغ کی طرف چڑھتے رہتے ہیں۔ یہ بخارات بذریعہ انجذاب دماغ تک پہنچتے ہیں۔ دماغ کی سوچنے اور سمجھنے کی قوت جواب دے جاتی ہے۔ مریض وہمی قسم کا ہو جاتا ہے اور ذرا ذرا سی بات پر ترشا غصہ آتا ہے۔ دماغ میں خشکی اور گرمی آجاتی ہے۔ مریض ایسا محسوس کرتا ہے۔ جیسے معدے سے دھواں سا دماغ کی طرف چڑھ رہا ہے۔ اعضاء شکستہ ہوتے ہیں۔

علاج: حب تبخیر معدہ چالیس گولی قیمت ۔/۵۰ دو روپے

حکیم محمد عبد اللہ

پرنسپل مسیح الملک طبی کالج چوک متی لاہور

کچھ سوچئے تو سہی!

وہ موذن تھا اور آپ ......؟

ہم نے اسلامی جمہوریہ پاکستان ریڈیو سے قرآن کریم کی تلاوت سنی ... مغرب کی اذان ... اس میں ایک منظر ہم نے دیکھا کہ ... حضرت بلال ... اذان دے رہے ہیں۔

آپ موذن تھا

اذان دینے والے جو آپ نے کانوں میں انگلیاں دے کر ... اٹھا کر آنکھیں بند کر لیتا ... کبھی آنکھیں تھوڑی کھول لیتا۔

پچھلے کئی دنوں سے جب وہ آنکھیں کھولتا تو ... کبھی ... کبھی ... ہوتا ... کبھی تو بیہودہ آہستہ چلا ہوتا۔

وقت یہ تھی کہ ... نظر آتی جو ... دیکھ کر ... سے ... کبھی چھپتے ... کبھی پریشان بال نظر آ جاتے ... بعض دفعہ بندی لگی ہوئی آنکھوں کی ... جھکے ہوئے ... کو اپنی نماز میں واپس ... لگی۔

اس نے ... کہا کہ ... شکایت کرتی ہیں کہ ان کی آواز دور نہیں جاتی۔ ... ختم ہوا تو اس نے ... سنیں ... اور نمازیوں کے ... سے پہلے ... سمجھا دیا۔ ... اذان ... خدا کا ... ہے ...

وہ کہتا تھا ... ہے ...

(... ۱۱ اگست)

یہ مضمون ... صاحب کا ہے ... ہم نے ... دیکھا ... صاحب ... ہیں ... وہ انداز ... سے ...

اگر واقعہ ہو گیا ہے یا ... ہو گا کہ کس ایک ... کے خلاف نفرت انگیزی ... کی جائے؟

——— اگر ... جانتا ہو ... وہ ... ایک ... کے واقعہ کو ... ساری ... نفرت انگیزی کو جائز قرار دیا جا سکتا ہے ... حکومت قائم رہ سکتی ہے؟

——— خدا را سوچئے اور اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کیجئے اور خدا داد صلاحیتوں کو تخریب کی بجائے تعمیر کے لئے بروئے کار لانا ... یہ مولوی آج ... ہیں ... اپنی ذمہ داریوں سے غافل ... ہو جانا چاہئے ......

اسلام کا احیاء ہو رہا ہے! ——— سربراہ اوقاف کے ذریعہ ——؟

(... کا ایک ... خبر ...)

"... پاکستان ... کے آخری دنوں کے ایک اجلاس میں بڑا دلچسپ سوال و جواب ... نے سوال کیا کیا یہ واقعہ ہے کہ عرس (حضرت) ... کے موقع پر (جسے عرف عام میں ... کہا جاتا ہے) محکمہ اوقاف کے چیف ... صاحب ... رقص ... والی پارٹی کی سربراہی فرما رہے تھے اور کیا یہ بھی واقعہ ہے کہ حکومت محکمہ اوقاف کے ملازمین کی حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ وہ رقص و سماع کی اس قسم کی محفلوں میں شرکت کیا کریں؟

اس کے جواب میں وزیر تعلیم محترم خان محمد علی خان صاحب نے فرمایا کہ مسعود صاحب رقص کی نہیں بلکہ رقص کرنے والوں کی سربراہی فرما رہے تھے ... مزار تک تشریف لے گئے تھے ... انہوں نے فرمایا کہ

"... آپ کو ... انسان کے ... سمجھا ... الفاظ میں ... (MAN OF THE MASSES) ... اور اس ...

(انہوں نے ایک ... ۱۹۷۵ء) ... کی ... ہیں ...

ہم محترم مسعود صاحب کی خدمت میں ... بے مثال ... ہدیہ تبریک و تہنیت پیش کرتے ہیں۔

